سبق-12

ہمارے جانور

آپ نے طرح طرح کے جانور دیکھے ہوں گے۔کچھ جانور گھروں میں پالے جاتے ہیں جنھیں ہم پالتو جانور کہتے ہیں۔ کچھ جنگل میں رہتے ہیں اور وہ جنگلی جانور کہلاتے ہیں۔پالتو جانوروں میں گائے، بَیل،بھینس،بھیڑ، بکری، اوُنٹ،گھوڑا،گدھا،کُتّا اور بِلّی وغیرہ شامل ہیں۔ گائے، بھینس اور بکری سے

ہمیں دوُدھ ملتا ہے اور بھیڑوں سے اوُن۔ دوُدھ سے مکّھن اور گھی بنایا جاتا ہے اور اوُن سے گرم کپڑے۔ جانوروں کے گوبر کی کھاد کھیتوں میں کام آتی ہے۔ گھوڑے، گدھے اور اوُنٹ سواری کرنے اور بوجھ ڈھونے کے کام آتے ہیں۔ بَیل سے کھیت جوتنے اور بَیل گاڑی کھینچنے کا کام لیا جاتا ہے۔ اب اِن کا چلن کم ہوتا جا رہا ہے۔

جنگل میں چھوٹے بڑے ہر طرح کے جانور ہوتے ہیں۔ چھوٹے جانوروں میں خرگوش، گیدڑ، لومڑی، بندر اور ہِرن وغیرہ ہیں۔ بڑے جانوروں میں ہاتھی، زِراف، نیل گائے اور زیبرا ہیں۔ ان کے علاوہ شیر، چیتا، لکڑ بگّھا، بھیڑیا اور بھالوُ بھی ہیں جو درندے کہلاتے ہیں۔ یہ گوشت خور ہوتے ہیں۔

بعض جانور گھاس پھوس، پتّے اور پودے کھاتے ہیں۔مثلاً ہاتھی، زِراف، گینڈا، زیبرا،نیل گائے، بارہ سنگھا، ہرن اور خرگوش وغیرہ۔ ان کے علاوہ کچھ جانور پانی میں بھی رہتے ہیں۔ جیسے مچھلی، مگرمچھ، کچھوا وغیرہ۔ انھیں آبی جانور کہتے ہیں۔ یہ سارے جانور ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں۔ان کی حفاظت کرنا ہماری ذمّے داری ہے۔

پڑھیے اور سمجھیے۔

چَلن	:	رواج
بعض	:	کچھ
گوشت خور	:	گوشت کھانے والے
آبی جانور	:	پانی میں رہنے والے جانور
سرمایہ	:	دولت، پونجی

ان سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. پالتو جانور کسے کہتے ہیں؟
2. دودھ ہمیں کن جانوروں سے ملتا ہے؟
3. گوبر کی کھاد ہمارے کس کام آتی ہے؟
4. پانی میں کون کون سے جانور رہتے ہیں؟
5. بوجھ ڈھونے والے جانور کون کون سے ہیں؟

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

جانور   پانی   گھی   سرمایہ   جوتنے

1. دودھ سے مکّھن اور ــــــ بنایا جاتا ہے۔
2. بَیل سے کھیت ــــــ کا کام لیا جاتا ہے۔
3. جنگل میں چھوٹے بڑے ہر طرح کے ــــــ ہوتے ہیں۔
4. اِن کے علاوہ کچھ جانور ــــــ میں بھی رہتے ہیں۔
5. یہ سارے جانور ہمارا قیمتی ــــــ ہیں۔

دیے ہوئے جملوں کے سامنے صحیح (✓) یا غلط (×) کا نشان لگایئے۔

1. جنگلی جانور ہے۔ ( )

2. پالتو جانور نہیں ہے۔ ( )

3. زمین پر رہتی ہے۔ ( )

4. بوجھ ڈھونے کے کام آتا ہے۔ (   )

5. سے ہمیں اُون ملتا ہے۔ (   )

6. گوشت خور جانور ہے۔ (   )

مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں میں 'ے ں' ملا کر لکھیے۔

مثال : بھیڑ = بھیڑیں

کرن = ... کتاب = ...

سڑک = ... چیز = ...

بھینس = ... کھاد = ...

1. | ن | ر | ہ | = ...
2. | ت | ر | ا | = ...
3. | ر | گ | م | = ...
4. | ب | ل | ے | = ...

دیے ہوئے خانوں کے مطابق تین تین نام لکھیے۔

پالتو جانور	جنگلی جانور	آبی جانور

سوچیے اور بتائیے۔

1. جنگل کا راجا کس جانور کو کہا جاتا ہے؟
2. ایسے جانوروں کے نام بتائیے جن کا ذکر اس سبق میں نہ آیا ہو۔

3. کن جانوروں کے سینگ نہیں ہوتے ہیں؟

4. پالتو جانوروں سے کیا کیا فائدے ہیں؟

5. مکّھن اور گھی کے علاوہ دودھ سے اور کیا کیا چیزیں بنتی ہیں؟

نیچے دیے ہوئے جانوروں کے نام لکھیے۔

____

____

____

____

خوش خط لکھیے۔

بارہ سنگھا				
بھیڑیا				
ژراف				
گینڈا				
مگرمچھ				

استاد طلبا سے آپس میں بات چیت کرنے کو کہیں کہ ان کے محلّے میں کون کون سے جانور رہتے ہیں؟

نیچے دیے ہوئے جانوروں کی تصویریں چارٹ پر بنائیے اور ان کے نام لکھیے۔